سوال

نیند میں منی کا خروج

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نیند میں منی خارج ہو جانے سے غسل واجب ہو جاتا ہے؟ نیز وہ کون سی اشیاء ہیں جن سے غسل واجب ہو جاتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نیند میں منی خارج ہونے سے غسل واجب ہو جاتا ہے خواہ احتلام نہ بھی یاد ہو اگر کسی شخص کو احتلام تو ہو لیکن نہ انزال نہ ہو تو اس سے غسل لازم نہ ہوگا۔

نیند میں منی خارج ہو جانے سے غسل واجب ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر بیداری میں منی پیشاب کے ساتھ بہہ کر نکلے اور لذت نہ ہو تو اس سے غسل واجب نہ ہوگا لیکن اگر اچھل کر لذت کے ساتھ خارج ہو تو غسل واجب ہوگا۔ مباشرت کی صورت میں محض ختنے کے مقامات کے آپس میں ملنے سے غسل واجب ہو جاتا ہے خواہ انزال نہ بھی ہو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص309

محدث فتویٰ